Child Health Plus
New York State's Health Plan for Kids

nystateofhealth™
The Official Health Plan Marketplace

# Child Health Plus
# ایک نظر میں

## کون اہل ہے؟

بچے جو:

- 19 سال سے کم عمر کے ہوں
- نیو یارک اسٹیٹ کے باشندے
- Medicaid کے لیے اہل نہ ہوں
- دیگر صحت بیمہ کے ذریعہ محیط نہ ہوں
- ریاستی صحت کے فوائد والے پروگرام (NYSHIP) کے ذریعہ صحت کوریج کے لیے اہل یا اس میں اندراج یافتہ نہ ہوں
- بچے ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر اہل ہو سکتے ہیں

## کیا چیز محیط ہے؟

- ویل چائلڈ (Well-child) والی ملاقاتیں
- جسمانی معائنے
- مامونیتی ٹیکے
- لیب اور تصویر نگاری کی خدمات
- ہنگامی خدمات
- نسخے والی دوائیں
- بغیر نسخے والی دوائیں، اگر معالج نے آرڈر کیا ہو
- ان پشینٹ ہسپتال کی نگہداشت
- قلیل مدتی معالجاتی آؤٹ پیشنٹ خدمات (کیموتھیراپی، ہیمو ڈائلیسس)
- ان پیشنٹ اور آؤٹ پیشنٹ ذہنی صحت اور ممنوعہ اشیاء کے بیجا استعمال کی بے قاعدگی سے متعلق خدمات
- دانت اور بینائی کی خدمات
- گویائی اور سماعت کی خدمات
- پائیدار طبی آلات
- شفا خانہ

ہم سے رابطہ کریں:

TTY 1-800-662-1220 یا 1-855-355-5777 | nystateofhealth.ny.gov

NY State of Health قابل اطلاق وفاقی دیوانی حقوق کے قوانین کی تعمیل کرتا ہے اور اپنے صحت پروگراموں اور سرگرمیوں میں نسل، رنگ، قومی بنیاد، جنس، عمر یا معذوری کی بنیاد پر امتیاز نہیں کرتا ہے۔

# CHILD HEALTH PLUS پلان پر کتنی لاگت آتی ہے؟

**ماہانہ پریمیمز:** ماہانہ قیمت گھرانے کی آمدنی اور سائز پر منحصر ہوتی ہے۔ * کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے کوئی ماہانہ پریمیم نہیں ہے۔
زیادہ آمدنی والے خاندان ذیل کے چارٹ کے مطابق، ایک ماہانہ پریمیم ادا کرتے ہیں۔ بڑے خاندانوں کے لیے، ماہانہ فیس تین بچوں تک محیط ہے۔
مراعات یافتہ کوریج کی سطح سے اوپر آمدنی والے خاندان پورا پریمیم ادا کر سکتے ہیں، جو شرکت کنندہ صحت منصوبے کے لحاظ سے مختلف ہوتا ہے۔

**لاگت میں حصہ داری:** Child Health Plus میں کوئی سالانہ کٹوتی اور کوئی ضمنی ادائیگی نہیں ہے۔

| ماہانہ کنبہ جاتی تعاون فی بچہ (زیادہ سے زیادہ جتنے بچوں کے لیے آپ ادا کرتے ہیں ان کی تعداد 3 ہے) | خاندان کے سائز کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ سالانہ آمدنی | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 4 | 3 | 2 | 1 |
| $0 | $39,360 | $32,672 | $25,984 | $19,296 |
| $9 (زیادہ سے زیادہ $27) | $54,612 | $45,333 | $36,053 | $26,774 |
| $15 (زیادہ سے زیادہ $45) | $61,500 | $51,050 | $40,600 | $30,150 |
| $30 (زیادہ سے زیادہ $90) | $73,800 | $61,260 | $48,720 | $36,180 |
| $45 (زیادہ سے زیادہ $135) | $86,100 | $71,470 | $56,840 | $42,210 |
| $60 (زیادہ سے زیادہ $180) | $98,400 | $81,680 | $64,960 | $48,240 |
| پورا پریمیم، صحت منصوبے کے لحاظ سے مختلف ہوتا ہے | $98,400< | $81,680< | $64,960< | $48,240< |

*1 جنوری، 2017 کے مطابق۔ آمدنی کی سطحوں کو وفاقی غربت کی سطحوں (Federal Poverty Levels, FPL) کی بنیاد پر ہر سال ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔